96310 ـ آفس کا خاص مال مینجر کی جانب سے ملازمین پر تقسیم کرنا اور انہیں اپنی گاڑی استعمال کرنے کی اجازت دینا

سوال

میں قاہرہ میں ایک باہر کی ملٹی نیشنل کمپنی میں کام کرتا ہوں، وہاں سب ملازمین مصری ہیں، اور مینجر غیر ملکی ہے، مینجر نے ملازمین کو اپنی ذاتی گاڑیاں دفتری ضروریات میں استعمال کرنے کی اجازت دے رکھی اور اس کے بدلے وہ انہیں دفتری ضروریات کے لیے کرایہ کی مد میں آنے والی رقم دیتا ہے، یہ بطور جزا، یا پھر آمدنی زیادہ کرنے کے لیے ہے، اور باہر سے آنے والی کمپنی کی سیاست سے بھی خارج ہے، کیا یہ مال حلال ہے یا حرام ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اگر تو معاملہ ایسا ہی ہے جیسا آپ نے بیان کیا ہے کہ مینجر آمدنی زیادہ کرنے یا پھر بطور مکافاء یعنی بدلہ وہ رقم دیتا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں، چاہے یہ اصل میں کمپنی کی سیاست کے نظام سے خارج ہی ہو؛ کیونکہ اس کا کمپنی کے کام کو فائدہ اور مصلحت ہے، اور غالبا مینجر یہ اس لیے کرتا ہے کہ اسے اس کا علم ہے اور وہ ایسا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے کہ وہ اس طرح کے فیصلے کر سکتا ہے.

واللہ اعلم .